بسم اللہ الرحمن الرحیم

# آپریشن سے بلی میں بچہ پیدا کرنے والی صلاحیت ختم کرنا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرعِ متین اس مسئلے کے بارے میں کہ آجکل فینسی قسم کی مختلف بلیوں کی خرید و فروخت کی جاتی ہے، ان بلیوں کو فربہ کرنے اور ان کی خوبصورتی میں اضافے کے لئے ان کو خصی کیا جاتا ہے، دریافت طلب امر یہ ہے کہ بلی کو خصی کرنا، جائز ہے یا نہیں؟

## جواب

عندالشرع جانور کو خصی کرنے میں اگر واقعی کوئی فائدہ ہو یا خصی کرنے سے مقصود اس سے ضرر دور کرنا ہو تو اس کو خصی کرنا مطلقاً جائز ہے خواہ اس جانور کا کھانا حلال ہو یا حرام لہذا بلی کو فربہ کرنے کی منفعت حاصل کرنے کے لئے خصی کرنا، جائز ہے۔

المحیط البرہانی فی الفقہ النعمانی میں ہے: "لا بأس بإخصاء البهائم إن كان يراد به إصلاح البهائم" ترجمہ: جانوروں کو خصی کرنے میں حرج نہیں جبکہ اس سے ان جانوروں کی اصلاح مقصود ہو۔ (المحیط البرہانی فی الفقہ النعمانی، جلد 5، صفحہ 375، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

فتاوی قاضی خان میں ہے: "ولا بأس بخصاء السنور إذا كان فيه ضرر" ترجمہ: بلے کو خصی کرنے میں حرج نہیں ہے جبکہ اس سے اس کا ضرر دور کیا جائے۔ (فتاوی قاضی خان، جلد 3، صفحہ 251، دار الکتب العلمیہ، بیروت)

درمختار میں ہے: "(و) جاز (خصاء البهائم) حتى الهرة۔۔۔وقيدوه بالمنفعة وإلا فحرام" ترجمہ: جانوروں کو خصی کرنا، جائز ہے حتی کہ بلی کو بھی۔۔۔اور فقہاء نے اسے منفعت کی قید سے مقید کیا ہے ورنہ حرام ہے۔

(وقیدوہ) کے تحت فتاوی شامی میں ہے: "أي جواز خصاء البهائم بالمنفعة وهي إرادة سمنها أو منعها عن العض" ترجمہ: جانوروں کو خصی کرنے کے جواز کو منفعت کے ساتھ مقید کیا اور وہ جانوروں کے فربہ کرنے کا ارادہ یا انہیں کاٹنے سے روکنا ہے۔ (الدر المختار مع رد المحتار، جلد 6، صفحہ 388، دار الفکر، بیروت)

امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالی علیہ ارشاد فرماتے ہیں: "اور تحقیق یہ ہے کہ اگر جانور کے خصی کرنے میں واقعی کوئی منفعت یا دفع مضرت مقصود ہو تو مطلقاً حلال ہے اگرچہ جانور غیر ماکول اللحم ہو مثلاً بلی وغیرہ ورنہ حرام ہے۔" (فتاوی رضویہ شریف، جلد 24، صفحہ 653، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مفتی محمد ہاشم خان عطاری

فتوی نمبر: Lar-14003

تاریخ اجراء: 24ذی الحجۃ الحرام 1447ھ/10جون 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net